

2030ء ایجنڈا برائے پائیدار ترقی

عالمی مقاصد و قومی اہداف

مارچ 2019ء

VSO
Awaz Foundation Pakistan
Awaz CDS
Centre for Development Services
Parliamentarians Commission For Human Rights
pda For Governance and Accountability
Working together on Sustainable Developement Goals (SDGs)
UKaid from the British people

تحریر وتدوین:	ضیاءالرحمن
مترجم:	ادارہ فروغِ قومی زبان قومی تاریخ وادبی ورثہ ڈویژن وزارت اطلاعات وورثہ اسلام آباد
زیر اہتمام:	آوازسی ڈی ایس۔ پاکستان
سہولت کاری:	پاکستان ترقیاتی الائنس
شائع کردہ:	آوازسی ڈی ایس۔ پاکستان
مالی تعاون واشتراک:	وی ایس او پاکستان اور یو کے ایڈ
تاریخ اشاعت:	مارچ 2019ء
تعداد:	500
ISBN نمبر:	978-969-7844-03-6

خصوصی نوٹ:

زیر نظر کتابچہ میں دی گئی تفصیل اور معلومات 2030ء کے ایجنڈا برائے پائیدار ترقی (SDGs) کے تحت طے کئے گئے عالمی مقاصد اور اہداف کے ساتھ ساتھ قومی اقتصادی کونسل حکومت پاکستان کی جانب سے منظور کردہ پائیدار ترقی کے فریم ورک اور طے کئے گئے قومی اہداف پر مشتمل ہے۔ جسے پلاننگ کمشن آف پاکستان اور وزارت پلاننگ ڈویلپمنٹ اور ریفارمز نے مارچ 2018ء کو جاری کیا۔

مزید تفصیل کیلئے: **http://pc.gov.pk/uploads/report/National_SDGs_Framework_-_NEC_2018.pdf**

ایجنڈا برائے پائیدار ترقی 2030ء

عالمی مقاصد و قومی اہداف

مارچ 2019ء

حرفِ آغاز

مجھے یہ لکھتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے کہ پاکستان میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے منظور شدہ پائیدار ترقی کے اہداف SDGs 2030 کے ساتھ ویسا سلوک نہیں ہو رہا ہے جیسا کہ بدقسمتی سے ہزار سالہ ترقیاتی اہداف یعنی ملینیئم ڈویلپمنٹ گولز MDGs کے ساتھ ہوا۔ جیسے ہی SDGs کو عالمی سطح پر منظور کیا گیا حکومت پاکستان نے بھی SDGs کو قومی اسمبلی میں پیش کر دیا اور مارچ 2016 میں ممبران اسمبلی نے فوراً ہی اس ترقیاتی ایجنڈے کو اپنی ہر طرح کی حمایت سے نواز دیا اور اسے منظور کر لیا اور یوں SDGs کا عالمی ایجنڈا ہمارا قومی ایجنڈہ بن گیا۔ اس کے ساتھ ہی قومی اسمبلی کی عمارت میں دیرپا ترقی کے اہداف کے حصول کے لئے ایک SDG سکریٹریٹ قائم کر دیا گیا۔ قومی اور صوبائی اسمبلیوں کے ممبران پر مشتمل ٹاسک فورسز کا قیام عمل میں لایا گیا۔ اسی طرح آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں منتخب نمائندوں پر مشتمل ٹاسک فورسز بنا دی گئیں۔

پلاننگ کمیشن کے زیر اہتمام اسلام آباد اور چاروں صوبوں بشمول آزاد جموں وکشمیر اور گلگت بلتستان میں SDGs یونٹس کا قیام عمل میں لایا گیا۔ قومی اور صوبائی سطح پر ترجیحی فریم ورکس اور اہداف طے کر لئے گئے ہیں لیکن اتنا سارا کچھ ہونے کے باوجود پاکستان میں رہنے والے عام افراد بشمول خواتین، نوجوان، بوڑھے، معذور افراد، سرکاری وغیر سرکاری اور پرائیویٹ سیکٹر میں کام کرنے والے افراد، کسان، مزدور حتیٰ کہ بڑے بڑے کاروباری افراد بھی عالمی اور قومی وصوبائی سطح کے ترجیحی ترقیاتی ایجنڈے کے اہداف سے ناواقف ہیں۔ آواز فاؤنڈیشن پاکستان۔ سینٹر فار ڈویلپمنٹ سروسز اور پاکستان ڈویلپمنٹ الائینس گزشتہ ایک دہائی سے ان معاملات کو نہ صرف گہری نظر سے دیکھ رہا ہے بلکہ معاشرے میں ان اہداف کے حصول کے لئے مقامی تنظیموں پرائیوٹ اور سرکاری اور غیر سرکاری اداروں کے ساتھ ملکر مختلف طبقات کی شمولیت اور ان کی صلاحیت کار میں اضافے کے لئے برسرِ پیکار ہے۔

ہمارا مقصد ہے کہ پاکستان میں 2030 تک کے ترقیاتی اہداف کے حصول کو یقینی بنایا جائے اسی مقصد کے حصول کے لئے ہم نے زیر نظر کتابچہ میں نہ صرف عالمی وقومی ترجیحی گولز اور مقاصد کو آسان زبان میں تحریر واجاگر کرنے کی کوشش کی ہے بلکہ پہلی دفعہ عالمی وقومی سطح کے ترقیاتی اشاروں (Indicators) کو بھی اردو ترجمے کے ساتھ اکٹھا کر دیا ہے تا کہ ہمارے معاشرے کا کوئی طبقہ ایسا نہ ہو جو ان حکومتی وعدوں کی جانکاری سے محروم رہ جائے۔ ہمارا یقین ہے کہ ترقی کی پہلی شرط صحیح اور بروقت معلومات ہوتا ہے اور یہ کتابچہ کم از کم ہمارے ترقیاتی اہداف کے پس منظر سے لے کر 2030 تک کے ترجیحی ایجنڈے کا احاطہ کرتا ہے۔

میں ذاتی طور پر اور آواز فاؤنڈیشن پاکستان/ پاکستان ڈویلپمنٹ الائینس کی طرف سے ادارہ برائے مقتدرہ قومی زبان اسلام آباد کا بہت شکرگزار ہوں جنہوں نے ایجنڈہ 2030 کے عام فہم ترجمے میں ہماری مدد کی۔ سب سے بڑھ کر ہم والنٹری سروسز اوورسیز (VSO) پاکستان کے شکرگزار ہیں جنہوں نے مالی معاونت کے ساتھ اس تمام عمل کے دوران تکنیکی لحاظ سے ہماری بھرپور معاونت اور رہنمائی کو یقینی بنایا۔

خیر اندیش

ضیاالرحمٰن

چیف ایگزیکٹیو: آواز فاؤنڈیشن پاکستان سینٹر فار ڈویلپمنٹ سروسز

قومی نمائندہ برائے پاکستان ترقیاتی الائینس (PDA)

ہاشم بلال

ملکی نمائندہ۔والنٹری سروس اورسیز (VSO) پاکستان

ستمبر 2015 میں اقوام متحدہ کے تمام رکن ممالک کی جانب سے پائیدار ترقی کے ایجنڈا 2030 کو اپنایا گیا، جو تمام ممالک کو پائیدار خوشحالی، سماجی شمولیت اور برابری کے حصول کا ایک جامع منصوبہ فراہم کرتی ہے۔ والنٹری سروس اورسیز پاکستان میں مقامی تنظیموں، تعلیمی اداروں، سرکاری اور غیر سرکاری اداروں کے شراکت سے مختلف پروجیکٹس کے ذریعے پائیدار ترقی کے احداف کے حصول میں حکومت کی معاونت کر رہی ہے۔ وی ایس او غربت پر قابو پانے کے لئے اپنے رضا کاروں کا نیٹ ورک وسیع کر کے اپنا دائرہ کار نہایت پسماندہ علاقوں تک بڑھانے میں سرگرم عمل ہے۔

اسی مقصد کے حصول کے لئے والنٹری سروس اورسیز پاکستان نے آواز فاونڈیشن پاکستان اور پاکستان ترقیاتی الائنس کے اشتراک سے پلاننگ کمیشن آف پاکستان کو وی این آر پراسیس کو مقامی سطح پر پہنچانے میں معاونت کی۔ والنٹری سروس اورسیز پاکستان نے اپنے والنٹیر نگ فار ڈیولپمنٹ گرانٹ کے ذریعے مالی اور اپنے سوشل اکاونٹیبلیٹی کو راپروچ کی تیکنیکی معاونت فراہم کی۔ جس کے ذریعے پاکستان بھر کے 42 اضلاع میں سیٹیزن لیڈ مکینزم متعارف کروا کر وی این آر کی مشاورتیں منعقد کروائیں گئیں۔ اس پورے عمل کی رپورٹ ترتیب دی جا چکی ہے جو اس سال جولائی میں ایچ ایل پی ایف کو شیڈو رپورٹ کے طور پر پیش کی جائے گی۔

اس رپورٹ کی نتائج میں ایک اہم بات یہ سامنے آئی کہ مقامی سطح پر لوگوں میں پائیدار ترقی کے احداف اور ان کے اشاروں سے متعلق آگہی کا فقدان ہے۔ اس امر کو مدنظر رکھتے ہوئے ہم اپنے شراکت داروں آواز فاونڈیشن پاکستان اور پاکستان ترقیاتی الائنس کے تعاون سے اس کتابچہ کی ترتیب اور اشاعت میں مالی اور تیکنیکی معاونت فراہم کر رہے ہیں، جس کا مقصد منظور شدہ پائیدار ترقی کے احداف اور ان کے اشاروں کا اردو زبان میں ترجمہ کر کے ان کو عام شہریوں کے لئے قابل فہم بنانا ہے۔ تا کہ پاکستان کا ہر شہری پائیدار ترقی کے احداف کے حوالے سے حکومتی وعدوں سے آگاہ ہو اور ایک ذمہ دار شہری کی حیثیت سے ان احداف کے حصول میں حکومتی اداروں کی مدد کر سکیں۔

میں آخر میں والنٹری سروس اورسیز پاکستان کی جانب سے پلاننگ کمیشن آف پاکستان، صوبائی حکومتوں، ٹاسک فورسز، پاکستان ترقیاتی الائنس اور خاص طور پر آواز فاونڈیشن پاکستان کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں جن کی انتھک محنت اور کاوشوں کی وجہ سے اس کتابچہ کی اشاعت ممکن ہوئی ہے

ریاض فتیانہ

ممبر قومی اسمبلی پاکستان
کنوینئر۔قومی پارلیمانی ٹاسک فورس برائے پائیدار ترقی کے اہداف

آواز فاؤنڈیشن پاکستان اور اس کا مرکز برائے ترقیاتی خدمات پاکستان کے سرکردہ تھنک ٹینکس میں سے ایک ہے جو پائیدار ترقیاتی اہداف (ایس ڈی جیز) کے بارے میں شہادت کی بنیاد پر تحقیق منظر عام پر لاتا ہے۔

قومی پارلیمانی ایس ڈی جیز ٹاسک فورس کے کنویز کی حیثیت سے میں اس رپورٹ کی توثیق کرتا ہوں۔ یہ تجزیہ پاکستان میں آج تک کی صورت حال کے تناظر میں شہریوں کے حقوق سے مخصوص مسائل کا معروضی جائزہ پیش کرتا ہے اور اس امر پر بھی روشنی ڈالتا ہے کہ ملک بھر میں تمام بچیوں اور بچوں کی زندگیوں کو بہتر بنانے کے لئے کیا اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے تا کہ بقا اور ترقی کرنے، سیکھنے کے لئے، تشدد اور استحصال سے تحفظ فراہم کئے جانے اور ایک محفوظ اور صاف ستھرے ماحول میں زندگی گزارنے کے لئے ان کے حقوق کو یقینی بنایا جا سکے۔ اس تجزیے میں انتہائی غیر محفوظ اور محروم طبقات یعنی خواتین، بچے، اور مذہبی اقلیتیں پیش پیش ہیں۔ پاکستان ہر قیمت پر ایس ڈی جیز کے حصول کا عزم رکھتا ہے اور یہ اس کی اولین ترجیح ہے۔

رپورٹ ہذا ان شراکت داریوں کی وضاحت کرتی ہے جو ایس ڈی جیز اور منصفانہ، پائیدار معاشیات اور انسانی ترقی کے حصول کے لئے اور انسانی حقوق کی پاسداری کرنے کے لئے ضروری ہیں۔

بحیثیت رکن پارلیمنٹ میں گواہ ہوں کہ وسائل انسانی ترقی اور ثبوت پر مبنی اعداد وشمار ہر دو کی اردو اور دیگر علاقائی زبانوں میں کمی ہے۔ رپورٹ ہذا اس کمی کو پورا کرتی ہے تا کہ اس امر کو یقینی بنایا جائے کہ ملک بھر میں سب کے لئے اہم اعداد وشمار قابل رسائی ہوں۔

اس رپورٹ کا مقصد عوام الناس، سول سوسائٹی، میڈیا، سیاسی کارکنوں اور شہری و دیہی آبادیوں میں پائیدار ترقی کے اہداف (ایس ڈی جیز) کے بارے میں آگہی پیدا کرنا ہے تا کہ ان کو یہ باور کرایا جا سکے کہ اپنی ترقیاتی ضروریات پوری کرنے کے لئے ہمیں مل کر کام کرنے کی ضرورت ہے۔

یہ بالخصوص اس تناظر میں بھی ضروری ہے کہ اس وقت پاکستان ایس ڈی جی اشاریہ کے حوالے سے کل 156 ممالک میں 123 ویں نمبر پر ہے۔ علاقائی تناظر میں پاکستان اشاریہ میں تمام جنوبی ایشیائی ممالک میں کم ترین درجے پر ہے۔

یہ ایک تشویشناک درجہ (اسکور) ہے کیونکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ ہم تمام ترقیاتی اشاریوں کے معاملے میں بہت پیچھے ہیں۔ ہم پاکستان کے مستقبل کو صرف اس وقت خوشحال بنا سکتے ہیں جب ہم اپنے عوام اور ایس ڈی جیز ایجنڈا پر عمل درآمد کرنے کو پیش نظر رکھتے ہوئے سرمایہ کاری کریں۔ کامیاب شراکت داریوں کے ذریعے ہم وہ حقیقی نتائج حاصل کرتے رہیں گے جو پاکستان بھر میں انسانی فلاح و بہبود کو بہتر بنائیں گے اور افراد کے حقوق کی سربلندی کا موجب بنیں گے۔

پس منظر

پاکستان کی آبادی تازہ ترین اندازوں اور 2017ء میں کی جانے والی مردم شماری کے مطابق تقریباً 21 کروڑ 20 لاکھ افراد تک پہنچ چکی ہے اور پاکستان آبادی کے لحاظ سے انڈونیشیاء اور برازیل کے بعد دنیا کا چھٹا بڑا ملک بن چکا ہے۔ پاکستان کی ایک تہائی آبادی نوجوانوں اور کم عمر افراد پر مشتمل ہے، 28 فیصد آبادی 15 سے 29 سال کے عمر کے گروپ سے تعلق رکھتی ہے۔[1] پاکستان میں موجود آبادی کی اوسط عمر 67 سال ہے۔[2] یہ دنیا میں نوجوانوں کی سب سے زیادہ آبادی والے ملکوں میں سے ایک ہے۔

پاکستان کو ترقی کے حوالے سے متعدد مسائل کا سامنا ہے۔ اقوام متحدہ کے انسانی ترقی کے اشاریے کے مطابق دنیا میں پاکستان کا 150واں نمبر آتا ہے، جس کا انسانی ترقی کا انڈکس 0.562 ہے۔[3] ورلڈ اکنامک فورم کی گلوبل جینڈر گیپ رپورٹ[4] 2017ء کے مطابق پاکستان صنفی مساوات کے حوالے سے دوسرا بدترین ملک ہے۔ پاکستان کا شمار 144 ملکوں میں 143 ویں نمبر پر کیا جاتا ہے اور جنوبی ایشیاء میں اس کی بدترین صورت ہے جہاں اب بھی صنفی مساوات کے حوالے سے 34 فیصد فرق پایا جاتا ہے۔ پاکستان میں نوعمر بچوں اور زچہ بچہ کی اموات کی شرح جنوبی ایشیاء کی بلند ترین شرحوں میں سے ایک ہے۔ حمل کو روکنے کی مجموعی شرح 35 فیصد ہے جس میں روایتی طریقے بھی شامل ہیں۔ وومن پیس اینڈ سکیورٹی انڈیکس کے مطابق پاکستان عورتوں کے لیے چوتھا بدترین حالت کا حامل ملک ہے۔ 153 ملکوں میں شمولیت، انصاف اور تحفظ کے حوالے سے درجہ بندی کی گئی تو پاکستان کا شمار ان ممالک میں 150 واں نمبر آیا۔ اسی طرح عورتوں کے خلاف امتیاز کے حوالے سے بھی پاکستان دنیا کا بدترین ملک ہے جبکہ مالیاتی شمولیت کے حوالے سے پاکستان سب سے نچلے درجے پر آتا ہے۔[5]

ملینیم ڈویلپمنٹ گولز (MDGs) کے حوالے سے پاکستان کی 15 سالہ کارکردگی کا جائزہ لیا جائے تو پتہ چلتا ہے کہ پاکستان کو ترقی کے حوالے سے اب بھی بہت سے مسائل کا سامنا ہے۔ ملینیم ڈویلپمنٹ گولز کا اعلان 2000ء میں ہوا اور اُسی سال خطے میں دہشت گردی کے خلاف جنگ شروع ہوئی۔ اِس کے بعد 2005ء کے زلزلے اور 2010ء اور 2012ء میں ملک گیر سیلاب کے باعث ملک کا معاشی استحکام بری طرح متاثر ہوا۔ ملینیم ڈویلپمنٹ گولز پر مناسب عملدرآمد نہ ہونے کی بنیادی وجہ ان عوامل کو سمجھا جاتا ہے۔

[1] http://www.popcouncil.org/uploads/pdfs/2013_CapturingDemoDivPak.pdf
[2] http://www.worldometers.info/world-population/pakistan-population/
[3] http://hdr.undp.org/en/countries/profiles/PAK
[4] http://www3.weforum.org/docs/WEF_GGGR_2017.pdf
[5] https://giwps.georgetown.edu/the-index/

18 ویں ترمیم کے بعد صحت، آبادی، نوجوانوں کے اُمور، سماجی فلاح اور خواتین کی ترقی جیسی 27 وزارتیں اور محکمے صوبوں کے پاس چلے گئے جس کے نتیجے میں اِن اُمور پر قانون سازی، پالیسی سازی، منصوبہ سازی اور ان پر عملدرآمد کا اختیار صوبوں کے پاس آ گیا۔ MDGs پر عملدرآمد ایک قومی ایجنڈا تھا۔ تاہم قومی اور صوبائی سطح پر ان اہداف کے حصول کے لیے نہ تو مناسب پالیسیاں بنائی گئیں اور نہ ہی مطلوبہ فنڈز مہیا کیے گئے۔ MDGs کے ایجنڈے کو وفاق سے صوبوں کو پورے طریقے سے منتقل نہیں کیا گیا۔ اِس کے ساتھ ساتھ حکومت کی مختلف سطحوں کے باہمی رابطہ کاری کا فقدان ہونے کے باعث MDGs کے بارے میں آگاہی اور ان کے حصول کے لیے کوششیں کمزور رہیں۔

25 ستمبر 2015ء کو اقوام متحدہ کے زیر اہتمام دنیا کے 193 ملکوں نے ایجنڈا 2030ء برائے پائیدار ترقی کی منظوری جس کے بعد اس حوالے سے قومی سطح پر توجہ مرکوز ہوئی۔ ہماری وفاقی اور صوبائی حکومتیں مختلف افراد اور اداروں کے ساتھ مل کر ایک ایسا لائحہ عمل مرتب کرنے کی کوشش کر رہی ہیں جس میں مقامی طور پر مناسب اہداف اور اشاریوں کا تعین کیا جائے اور ان کے حصول کے لیے عملدرآمد ہو۔ یہ بات باعث اطمینان ہے کہ حکومت نے پائیدار ترقیاتی اہداف (SDGs) پر عملدرآمد کا اعلان کیا ہے اور اس سلسلے میں SDGs کے اہداف اور اشاریوں کے لیے قومی ترجیحاتی لائحہ عمل کی منظوری دی ہے۔ اس حوالے سے ایک پارلیمانی ٹاسک فورس بھی قائم کی گئی ہے جو قومی ترجیحاتی لائحہ عمل پر عملدرآمد کی نگرانی کرے گی۔ پلاننگ کمیشن کے ساتھ ساتھ صوبائی ہیڈکوارٹرز کے محکمہ منصوبہ بندی و ترقی میں SDGs یونٹس بھی قائم کیے گئے ہیں۔

سول سوسائٹی کی متعدد تنظیمیں، نیٹ ورکس اور اتحاد (الائنسز) بھی SDGs کے بارے میں آگاہی پھیلانے اور ان پر عملدرآمد کے حوالے سے اپنے اپنے متعلقہ علاقوں میں کام کر رہے ہیں۔ اس ضمن میں پاکستان ڈویلپمنٹ الائنس خاص طور پر قابل ذکر ہے۔ قومی، صوبائی اور ضلعی سطح پر 104 تنظیموں کا یہ ملک گیر اتحاد گورننس (نظم و نسق) اور جوابدہی کے مسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنی کوششیں خصوصی طور پر SDGs کے حصول پر مرکوز کیے ہوئے ہے۔ حال ہی میں پاکستان ڈویلپمنٹ الائنس نے SDGs کے بارے میں لاعلمی کا اندازہ لگانے کے لیے ایک سروے منعقد کروایا جس کا موضوع پاکستان 2018ء میں SDGs کے حوالے سے کہاں کھڑا ہے؟ تھا۔[6] یہ جائزہ قومی، صوبائی اور ضلعی سطح پر شراکت دار تنظیموں کے تعاون سے منعقد کیا گیا۔ ان تنظیموں نے بھی SDGs کی تکمیل، مسائل اور آگے بڑھنے کی تجاویز کے حوالے سے اہم معلومات فراہم کیں۔

[6] مزید تفصیل کیلئے ذیل میں دیئے گئے لنک پر جائیں اور پورے جائزے کا مطالعہ کریں۔ http://awazcds.org.pk/wp-content/uploads/2018/06/Where-Pakistan-Stands-on-SDGs-2018.pdf

مزید یہ کہ AwazCDS اور پاکستان ڈویلپمنٹ الائنس کی رکن تنظیموں نے VSO کے ساتھ مل کر کر پلاننگ کمیشن آف پاکستان کے تعاون سے SDGs کے حوالے سے شہریوں کی قیادت میں SDGs کے حوالے سے رضا کارانہ قومی جائزہ کا 42 اضلاع بشمول[7] آزاد جموں وکشمیر اور گلگت بلتستان میں انعقاد کیا۔ شہریوں کے اس جائزے کے نتائج کو نہ صرف حکومت کی قومی سطح کی رپورٹ میں شامل کیا گیا بلکہ SDGs کے حوالے سے شہریوں کی متبادل رائے کی رپورٹ بھی وجود میں آئی متبادل رائے کی اس رپورٹ کو شائع کیا گیا اور متعلقہ سٹیک ہولڈرز میں تقسیم کیا گیا۔

پاکستان میں SDGs کے حوالے سے درپیش مسائل اور مشکلات

- اعداد وشمار کی عدم دستیابی: پاکستان میں اضلاع کی سطح پر اعداد وشمار کی عدم دستیابی ایک بہت بڑا مسئلہ ہے جس کی وجہ سے SDGs کے 244 اشاریوں پر پیشرفت کی رپورٹنگ کرنا، انتہائی مشکل ہے۔ پیشرفت کی نگرانی، رپورٹنگ اور جائزہ SDGs کے لائحہ عمل کا انتہائی اہم جزو ہے اور یہ بات بھی اہم ہے کہ ہمیں اعداد وشمار کے نظام کو مضبوط بنانا چاہیے اور تسلی بخش ڈیٹا بیس تخلیق کرنا چاہیے۔ ایک ایسا موثر نظام بنانے کی ضرورت ہے جس کے ذریعے کسی بھی پیشرفت کے بارے میں فوری آگاہی میسر ہوتا کہ اگر کہیں کوتاہی ہو رہی ہے تو اسے درست کیا جا سکے۔ اس وقت تک پاکستان میں سوشل اینڈ لونگ سٹینڈرڈز میئرمنٹ سروے (PSLM) اور ملٹی پل انڈیکیٹر کلسٹر سروے (MICS) دو واحد ذرائع ہیں جن پر SDGs کے اشاریے بڑی حد تک انحصار کرتے ہیں۔
- SDGs کے حصول کے لیے پاکستان کو تسلی بخش مالیاتی وسائل کی ضرورت ہے۔ یہ ضروری ہے کہ سرکاری وسائل کو موثر طور پر لگانے کے موجودہ طریقہ ہائے کار اور صلاحیتوں کا از سر نو جائزہ لیا جائے اور انھیں پاکستان کے ترقیاتی مسائل کے حوالے سے مضبوط بنایا جائے۔
- متعدد محکموں، وزارتوں اور متعلقہ افراد اور اداروں جیسے نجی شعبے اور CSOs کے مابین رابطہ کاری کا فقدان اب بھی ایک بڑا مسئلہ ہے۔ بہت سے سرکاری حکام، شعبے، CSOs اور پرائیویٹ شعبے کے سربراہان اور سٹاف اس بات کا ادراک نہیں رکھتے کہ انھیں اپنے وسائل اور پروگراموں کو SDGs کے اشاریوں کے مطابق کیسے ڈھالنا ہے۔

[7] آزاد جموں وکشمیر (مظفر آباد، کوٹلی، بھمبر اور باغ)، بلوچستان (کوئٹہ، ڈیرہ بگٹی، لورالائی، سبی، قلعہ عبداللہ اور گوادر)، گلگت بلتستان (استور، ہنزہ، گلگت اور سکردو)، خیبر پختونخوا (ایبٹ آباد، بٹ گرام، چارسدہ، چترال، دیر لوئر، ہری پور، مردان اور صوابی) پنجاب (بہاولنگر، بھکر، چکوال، چنیوٹ، ڈی جی خان، گوجرانوالہ، حافظ آباد، نارووال، راجن پور اور لاہور) سندھ (حیدر آباد، گھوٹکی، تھرپارکر، مٹیاری، ٹنڈو اللہ یار، سکھر، خیر پور، شہید بینظیر آباد اور قمبر شہداد کوٹ)

- شہریوں کی شمولیت کا نہ ہونا: پاکستان میں SDGs کے حصول کے راستے میں ایک بڑی رکاوٹ ہے۔ CSOs کے لیے کام کرنے کا ماحول بنانے کے لیے بہت کچھ کرنے کی ضرورت ہے تاکہ وہ SDGs کے حصول کے لیے اپنی صلاحیتوں کو پوری طرح استعمال میں لا سکیں۔ اگر روزگار، غربت کے خاتمے، ماحولیاتی تحفظ، پائیدار پیداوار، خواتین کو با اختیار بنانا، امن کے قیام اور اس طرح کے دیگر معاشی وسماجی اشاریوں کے حصول کی بات کی جائے تو سول سوسائٹی اور نجی شعبے کے تعاون واشتراک سے ان اہداف کو زیادہ بہتر طریقے سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔
- غیر فعال مقامی حکومتیں: پاکستان میں SDGs کے حصول کے حوالے سے کچھ نہیں کر پا رہیں۔ مقامی حکومتوں کو مضبوط بنانے اور مقامی سطح پر اضافی فنڈز فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔ تقریباً 65 اشاریوں پر کام کا تعلق مقامی حکومتوں کے ساتھ ہے۔ تاہم اس مقصد کے لیے انھیں انتظامی اور مالیاتی اختیارات دینا ہوں گے۔

تجاویز اور آئندہ کا لائحہ عمل

- پارلیمنٹ کے ممبران خاص طور پر SDGs ٹاسک فورس کے ارکان جو SDGs پر عملدرآمد کی نگرانی کے اختیارات رکھتے ہیں، ان کی صلاحیتوں میں اضافہ کیا جائے تاکہ وہ SDGs اور ان کے اشاریوں کے حوالے سے مشکلات کو اچھی طرح سمجھ سکیں۔ اس طرح وہ پائیدار ترقیاتی اہداف کے بارے میں رپورٹنگ، ان کی نشاندہی اور درپیش مسائل کو جان کر مناسب پالیسیاں ترتیب دے سکیں گے۔
- حکومتوں اور متعلقہ افراد اور اداروں کو بھی چاہیے کہ وہ مالیات کے متبادل ذرائع ڈھونڈیں تاکہ سرکاری فنڈز کو بہتر بنایا جا سکے۔ اس میں نجی شعبے اور ان کے کاروباری وسائل کا کردار اہم ہے کیونکہ اسے کاروباری طرز عمل کو بہتر بنانے، نئے ترقیاتی پروگرام شروع کرنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ انفرادی سطح پر انسانیت کی بھلائی کے لیے کام کرنے والے افراد بھی ایسے شعبوں میں سرمایہ کاری کر سکتے ہیں جہاں سے انھیں طویل المدت فوائد حاصل ہوں۔
- حکومت کو چاہیے کہ وہ سول سوسائٹی کے حوالے سے قانونی لائحہ عمل اور پالیسیوں پر نظر ثانی کرے اور انھیں مناسب مواقع فراہم کرے تاکہ وہ بالکل نچلی سطح پر شہریوں کو SDGs کے حوالے سے آگاہی پھیلانے کے عمل میں شامل کر سکیں۔
- ایسے شعبوں کو ترجیح دی جائے اور سرمایہ کاری کی جائے جن سے تعلیم، صحت، خواتین اور نوجوان لڑکیوں کو با اختیار بنانا، قابل تجدید توانائی، ماحولیاتی تبدیلیوں اور قابل رسائی صاف پانی اور صفائی جیسے شعبوں میں مختلف قسم کے فوائد حاصل ہوں۔
- حکومت کی طرف سے ایسے پختہ اقدامات کی ضرورت ہے جن کی بدولت مختلف شعبے ایک دوسرے کے ساتھ اچھے تجربے، طرز عمل اور مسائل کے جدید حل کا تبادلہ کریں۔
- حکومت کے تمام شعبوں کو SDGs پر بامقصد پیشرفت کے حصول کی غرض سے درکار کوششوں کو مربوط بنانے کے لیے افقی اور عمودی شراکت داریاں قائم کرنا ہوں گی۔

پائیدار ترقی کا قومی ڈھانچہ اور اہداف

1۔غربت کا خاتمہ۔۔۔۔۔۔۔ہدف 1: ہر جگہ غربت کی تمام اقسام کا خاتمہ

عالمی اہداف	قومی ترجیحی اہداف	عالمی اشارات	قومی ترجیحی اشارات	قومی بنیادی معلومات 15-2014ء	ہدف 2030ء
1.1 2030 تک ہر جگہ تمام افراد کے لیے شدید غربت کا خاتمہ، اس وقت اس سے مراد ایسے افراد ہیں جو روزانہ 1.25 ڈالر سے کم میں گزارہ کرتے ہیں۔		1.1.1 عالمی طور پر ایسے تمام افراد جو صنف، عمر، روزگار اور جغرافیائی جگہ کے اعتبار سے خط غربت سے نیچے رہ رہے ہیں۔			
1.2 2030 تک قومی تعریف کے مطابق غربت کی زندگی گزارنے والے ہر عمر کے مردوں، عورتوں اور بچوں کی تعداد کو کم از کم آدھے سے کم کرنا۔	ہدف 1.2: 2030 تک قومی تعریف کے مطابق غربت کی زندگی گزارنے والے ہر عمر کے مردوں، عورتوں اور بچوں کی تعداد کو کم از کم آدھے سے کم کرنا۔	1.2.1 صنف اور عمر کے اعتبار سے خط غربت سے نیچے زندگی گزارنے والی آبادی۔	1.2.1 صنف اور عمر کے اعتبار سے قومی خط غربت سے نیچے زندگی بسر کرنے والی آبادی۔	29.50 فیصد	9 فیصد
		1.2.2 قومی تعریف کے مطابق غربت کی کسی بھی قسم میں زندگی گزارنے والے مردوں، عورتوں اور بچوں کی تعداد۔	1.2.2 قومی تعریف کے مطابق غربت کی کسی بھی قسم میں زندگی گزارنے والے مردوں، عورتوں اور بچوں کی تعداد۔	38.80 فیصد	19 فیصد
1.3 عمومی طور پر مناسب سماجی تحفظ کے نظام پر عملدرآمد نیز نچلی سطح پر رہنے والوں سمیت ہر ایک کے لیے اقدامات کرنا، اور 2030ء تک غریب اور کمزور طبقات کے لیے پائیدار اقدامات کرنا۔	ہدف 1.3: قومی طور پر مناسب سماجی تحفظ کے نظام پر عملدرآمد نیز نچلی سطح میں رہنے والوں سمیت تمام کے لیے اقدامات کرنا، اور 2030ء تک غریب اور کمزور طبقات کے لیے پائیدار اقدامات کرنا۔	1.3.1 آبادی کا تناسب جسے صنفی امور کو مدنظر رکھتے ہوئے سماجی تحفظ کے نظام میں شامل کیا گیا ہے، نیز بچوں، بیروزگار افراد، بوڑھوں، معذور افراد، حاملہ عورتوں، نوزائیدہ بچوں، کام کے دوران زخمی ہونے والوں، غرباء اور کمزور طبقات کو شامل کیا گیا ہے۔	1.3.1 آبادی کا تناسب جسے صنفی امور کو مدنظر رکھتے ہوئے سماجی تحفظ کے نظام میں شامل کیا گیا ہے، نیز بچوں، بیروزگار افراد، بوڑھوں، معذور افراد، حاملہ عورتوں، نوزائیدہ بچوں، کام کے دوران زخمی ہونے والوں، غرباء اور کمزور طبقات کو شامل کیا گیا ہے۔	29.90 فیصد	70 فیصد
1.4 2030 تک اس بات کو یقینی بنانا کہ تمام مرد و خواتین بالخصوص غریب اور کمزور طبقات کو معاشی وسائل تک مساوی رسائی حاصل ہو، اس کے ساتھ ساتھ انہیں بنیادی سہولیات، زمین اور جائیداد کی دیگر اقسام کی ملکیت اور اس کا کنٹرول حاصل ہو، نیز وہ وراثت، قدرتی وسائل، مناسب نئی ٹیکنالوجی اور مائیکرو فنانس سمیت مالیاتی خدمات تک رسائی رکھتے ہوں۔	ہدف 1.4: 2030 تک اس بات کو یقینی بنانا کہ تمام مرد و خواتین بالخصوص غریب اور کمزور طبقات کو معاشی وسائل تک برابر رسائی ہو، اس کے ساتھ ساتھ انہیں بنیادی سہولیات، زمین اور جائیداد کی دیگر اقسام کی ملکیت اور اس کا کنٹرول حاصل ہو، نیز وہ وراثت، قدرتی وسائل، مناسب نئی ٹیکنالوجی اور مائیکرو فنانس سمیت مالیاتی خدمات تک رسائی رکھتے ہوں۔	1.4.1 آبادی کا تناسب جو بنیادی سہولیات تک رسائی رکھتی ہے 1.4.2 بالغ آبادی کا تناسب جسے زمین کو کاشت کرنے کا حق حاصل ہے، (اے) قانونی تسلیم شدہ دستاویزات کے ساتھ، (بی) جو زمین پر صنف اور ملکیت کی قسم کے اعتبار سے اپنے حق کو محفوظ سمجھتے ہیں۔	1.4.2 بالغ آبادی کا تناسب جسے زمین کو کاشت کرنے کا حق حاصل ہے، (اے) قانونی تسلیم شدہ دستاویزات کے ساتھ، (بی) جو زمین پر صنف اور ملکیت کی قسم کے اعتبار سے اپنے حق کو محفوظ سمجھتے ہیں۔		

نوٹ: خالی جگہوں کیلئے قومی ترجیحات، قومی بنیادی معلومات اور قومی اہداف ابھی طے نہیں کی گئے ہیں۔

1۔غربت کا خاتمہ۔۔۔۔۔۔۔۔ہدف 1: ہر جگہ غربت کی تمام اقسام کا خاتمہ

عالمی اہداف	قومی ترجیحی اہداف	عالمی اشارات	قومی ترجیحی اشارات	قومی بنیادی معلومات 15-2014ء	ہدف 2030ء
1.5 2030 تک غریب اور کمزور طبقات کی قوت مدافعت کو مضبوط بنانا، نیز ماحولیاتی تباہ کاری اور دیگر معاشی، سماجی و ماحولیاتی آفات کے خطرات کو ان طبقات کے لیے کم کرنا۔		1.5.1 ایک لاکھ آبادی میں سے کتنے لوگ آفات کی وجہ سے فوت ہوئے، لاپتہ ہوئے اور براہ راست متاثر ہوئے۔			
		1.5.2 آفات کی وجہ سے عالمی خام قومی پیداوار کے تناسب سے براہ راست معاشی نقصان۔			
		1.5.3 ملکوں کی تعداد جنہوں نے سینڈائی فریم ورک برائے آفات کے خطرات میں کمی 2015-2030 کی روشنی میں خطرات میں کمی کی قومی حکمت عملی ترتیب دی اور اس پر عملدرآمد کیا۔			
		1.5.4 مقامی حکومتوں کا تناسب جنہوں نے خطرات میں کمی کی قومی حکمت عملی کے مطابق مقامی حکمت عملی ترتیب دی اور اس پر عملدرآمد کیا۔			
1A:۔اس بات کو یقینی بنانا کہ تمام اقسام کے وسائل بشمول ترقیاتی تعاون کے وسائل کو اکٹھا کیا جائے تاکہ ترقی پذیر ممالک خاص طور پر زیادہ غریب ممالک کو مناسب وسائل فراہم کیے جاسکیں۔اس کا مقصد تمام اقسام کی غربت کے خاتمے کے لیے پروگراموں اور پالیسیوں پر عملدرآمد کو یقینی بنانا ہے۔	ہدف 1A:۔ اس بات کو یقینی بنانا کہ تمام اقسام کے وسائل بشمول ترقیاتی تعاون کے وسائل کو اکٹھا کیا جائے تاکہ ترقی پذیر ممالک کو مناسب وسائل فراہم کیے جاسکیں، اس کا مقصد تمام اقسام کی غربت کے خاتمے کے لیے پروگراموں اور پالیسیوں پر عملدرآمد کو یقینی بنانا ہے۔	1A1:۔ مقامی طور پر پیدا ہونے والے وسائل کا تناسب جو حکومتیں غربت میں کمی کے پروگراموں کے لیے براہ راست مختص کریں۔	1A1:۔ مقامی طور پر پیدا ہونے والے وسائل کا تناسب جو حکومتیں غربت میں کمی کے پروگراموں کے لیے براہ راست مختص کریں۔	42.20 فیصد	43.50 فیصد
		1A2:۔ حکومت کی طرف سے لازمی خدمات کے لیے مختص وسائل کا تناسب (تعلیم، صحت اور سماجی تحفظ)۔	1A2:۔ حکومت کی طرف سے لازمی خدمات کے لیے مختص وسائل کا تناسب (تعلیم، صحت اور سماجی تحفظ)۔	18.10 فیصد	25.30 فیصد
		1A3:۔تمام گرانٹس اور نئے قرض کو جنم دیئے بغیر حاصل کیے گئے وسائل جو حکومت غربت کے خاتمے کے لیے استعمال کرتی ہے، ان کا خام قومی پیداوار میں حصہ۔			

نوٹ: خالی جگہوں کیلئے قومی ترجیحات، قومی بنیادی معلومات اور قومی اہداف ابھی طے نہیں کی گئے ہیں۔

1۔غربت کا خاتمہ۔۔۔۔۔۔۔ہدف 1: ہرجگہ غربت کی تمام اقسام کا خاتمہ

عالمی اہداف	قومی ترجیحی اہداف	عالمی اشارات	قومی ترجیحی اشارات	قومی بنیادی معلومات 15-2014ء	ہدف 2030ء
1B:۔قومی، علاقائی اور عالمی سطح پر مضبوط پالیسی فریم ورک تشکیل دینا، اس کی بنیاد غریب دوست اور صنف کی حساسیت پر مبنی ترقیاتی حکمت عملیوں پر ہونی چاہیے تاکہ غربت کے خاتمے کے اقدامات کو مضبوط بنایا جائے۔		1B1:۔ایسے شعبے جن کا خواتین، غریب اور کمزور طبقات کو زیادہ فائدہ ہوتا ہے ان پر حکومت کے جاری اور سرمایہ کاری کے اخراجات کا تناسب			

2۔بھوک کا خاتمہ۔۔۔۔۔۔۔ہدف 2: غربت کا خاتمہ، خوراک کا تحفظ اور بہتر غذائیت کا حصول، اور پائیدار زراعت کی ترقی

عالمی اہداف	قومی ترجیحی اہداف	عالمی اشارات	قومی ترجیحی اشارات	قومی بنیادی معلومات 15-2014ء	ہدف 2030ء
2.1 ۔ 2030 تک اس بات کو یقینی بنانا کہ غربت کا خاتمہ ہو، تمام لوگ بالخصوص غریب اور کمزور افراد بشمول چھوٹے بچے محفوظ ہوں اور غذائیت حاصل کریں، انہیں سارا سال تسلی بخش خوراک میسر رہے۔	ہدف 2.1 ۔ 2030 تک اس بات کو یقینی بنانا کہ غربت کا خاتمہ ہو، تمام لوگ بالخصوص غریب اور کمزور افراد بشمول چھوٹے بچے محفوظ ہوں اور غذائیت حاصل کریں، انہیں سارا سال تسلی بخش خوراک میسر رہے	2.1.1 کم غذائیت کے شکار افراد کی موجودگی	2.1.1 کم غذائیت کے شکار افراد کی موجودگی	20 فیصد	5 فیصد
		2.1.2 (FIES) کی بنیاد پر آبادی میں معتدل یا خوراک کے بدترین عدم تحفظ کا شکار افراد کی تعداد		اعتدال پسند 21.8 فیصد شدید 21.9 فیصد	اعتدال پسند 10 فیصد شدید 11.9 فیصد
2.2۔2030ء تک ہر قسم کی کم غذائیت کا خاتمہ، نیز 2025 تک 5 سال سے کم عمر بچوں کی جسمانی کمزوری کے خاتمے کے عالمی طور پر تسلیم شدہ اہداف کا حصول، اور بالغ لڑکیوں، حاملہ اور دودھ پلانے والی عورتوں اور بوڑھے افراد کی غذائی ضروریات کو پورا کرنا۔	ہدف ۔2.2 2030ء تک ہر قسم کی کم غذائیت کا خاتمہ، نیز 2025 تک 5 سال سے کم عمر بچوں میں جسمانی کمزوری کے خاتمے کے عالمی طور پر تسلیم شدہ اہداف کا حصول، اور بالغ لڑکیوں، حاملہ اور دودھ پلانے والی عورتوں اور بوڑھے افراد کی غذائی ضروریات کو پورا کرنا	2.2.1 پانچ سال سے کم عمر بچوں میں کمزوری کی موجودگی	2.2.1 پانچ سال سے کم عمر بچوں میں کمزوری کی موجودگی		
		2.2.2 فی مزدور پیداوار، فارمز، چراگاہوں، جنگلات کے سائز کے مطابق	2.2.2 فی مزدور پیداوار، فارمز، چراگاہوں، جنگلات کے سائز کے مطابق	قد کا نہ بڑھنا 43.7 فیصد، کمزوری 15.1 فیصد، وزن کم ہونا 31.5 فیصد	قد کا نہ بڑھنا 21.9 فیصد، کمزوری 7.5 فیصد، وزن کم ہونا 10 فیصد
2.3۔2030ء تک زرعی پیداوار اور خوراک کے چھوٹے پیدا کنندگان کی آمدن، بالخصوص خواتین، مقامی باشندوں، فیملی فارمز، چرواہوں اور مچھیروں کی آمدن کو دوگنا کرنا، اس کے لیے انہیں زمین، دیگر پیداواری وسائل، علم، مالیاتی سہولیات، مارکیٹس، ویلیو ایڈیشن کے مواقع اور غیر زرعی ملازمتوں تک رسائی دینا ہوگی۔	2.3۔2030ء تک زرعی پیداوار اور خوراک کے چھوٹے پیدا کنندگان کی آمدن، بالخصوص خواتین، مقامی باشندوں، فیملی فارمز، چرواہوں اور مچھیروں کی آمدن کو دوگنا کرنا، اس کے لیے انہیں زمین، دیگر پیداواری وسائل، علم، مالیاتی سہولیات، مارکیٹس، ویلیو ایڈیشن کے مواقع اور غیر زرعی ملازمتوں تک رسائی دینا ہوگی۔	2.3.1 زراعت، چراگاہوں، جنگلات کے کاروبار کے سائز کے اعتبار سے فی مزدور پیداوار	2.3.1 زراعت، چراگاہوں، جنگلات کے کاروبار کے سائز کے اعتبار سے فی مزدور پیداوار		
		2.3.2 چھوٹے پیمانے پر خوراک کے پیدا کنندگان کی اوسط آمدن، صنف اور مقامی تشخص کے اعتبار سے	2.3.2 چھوٹے پیمانے پر خوراک کے پیدا کنندگان کی اوسط آمدن، صنف اور مقامی تشخص کے اعتبار سے		

نوٹ: خالی جگہوں کیلئے قومی ترجیحات، قومی بنیادی معلومات اور قومی اہداف ابھی طے نہیں کی گئے ہیں۔

2۔بھوک کا خاتمہ۔۔۔۔۔۔۔ہدف 2: غربت کا خاتمہ، خوراک کا تحفظ اور بہتر غذائیت کا حصول، اور پائیدار زراعت کی ترقی

عالمی اہداف	قومی ترجیحی اہداف	عالمی اشارات	قومی ترجیحی اشارات	قومی بنیادی معلومات 15-2014ء	ہدف 2030ء
2.4-2030ءتک خوراک پیدا کرنے والے پائیدار نظام کو یقینی بنانا اور مدافعتی زرعی طریقہ ہائے کار پر عمل کرنا تاکہ پیداوار اور اس کی افادیت میں اضافہ ہو، جو حیاتیاتی نظام کو قائم رکھے، ماحولیاتی تبدیلیوں، شدید موسم، قحط، سیلاب اور دیگر آفات سے مطابقت کو مضبوط بنائے اور زمین اور مٹی کے معیار کو بتدریج بہتر بنائے۔		2.4.1 زرعی رقبے کا تناسب جو کہ پیداواری اور پائیدار زراعت کے لیے استعمال ہو رہا ہے			
2.5- 2030 تک بیجوں، کاشت ہونے والے پودوں، فارم اور گھریلو جانوروں، اور ان کے ہم جنس جنگلی جانوروں کے جینیاتی تنوع کو برقرار رکھنا، اس کے لیے قومی، علاقائی اور عالمی سطح پر متنوع بیجوں اور پودوں کے ذخائر بنانا، اس کے ساتھ ساتھ جینیاتی وسائل اور اس سے جڑے روایتی علم کو عالمی طور پر طے شدہ اصولوں کے مطابق شیئر کرنا۔		2.5.1 پودوں اور جانوروں کے جینیاتی وسائل جو کہ خوراک اور زراعت کے لیے استعمال ہوتے ہیں اور انہیں درمیانی یا عرصہ طویل کی سہولیات میں محفوظ کیا جاتا ہے			
		2.5.2 مقامی اقسام کا تناسب جنہیں خطرے، خطرے سے باہر یا خطرے کی غیر متعین سطح میں شامل کیا گیا ہے			
2A : سرمایہ کاری میں اضافہ، بشمول عالمی تعاون، اس کا مقصد دیہاتی انفراسٹرکچر، زراعت کے شعبے میں تحقیق اور متعلقہ خدمات کو بڑھانا، ٹیکنالوجی کو فروغ دینا، پودوں اور جانوروں کے جینز کو بڑھانا ہے تاکہ کم ترقی یافتہ ممالک کے زرعی شعبے کی پیداواری صلاحیت میں اضافہ کیا جاسکے۔		2A1 : حکومتی اخراجات کے لیے زرعی اورینٹیشن انڈیکس/ اشاریہ			
		2A2 : زرعی شعبے کو جانے والے تمام وسائل (سرکاری ترقیاتی معاونت جمع دیگر سرکاری وسائل)			
2B : عالمی زرعی مارکیٹوں میں تجارتی رکاوٹوں کا خاتمہ، اس کے ساتھ ساتھ زرعی برآمدات کے لیے تمام اقسام کی سبسڈیز اور برآمدات بڑھانے کے خصوصی اقدامات کا خاتمہ، یہ اقدامات دوحہ ڈویلپمنٹ راؤنڈ کی روشنی میں کرنا ہوں گے۔		2B1 : زرعی برآمدات کے لیے رعایتی قیمتوں کا اجرا			

نوٹ: خالی جگہوں کیلئے قومی ترجیحات، قومی بنیادی معلومات اور قومی اہداف ابھی طے نہیں کی گئے ہیں۔

2۔بھوک کا خاتمہ۔۔۔۔۔۔ہدف 2: غربت کا خاتمہ، خوراک کا تحفظ اور بہتر غذائیت کا حصول، اور پائیدار زراعت کی ترقی

عالمی اہداف	قومی ترجیحی اہداف	عالمی اشارات	قومی ترجیحی اشارات	قومی بنیادی معلومات 15-2014ء	ہدف 2030ء
2C: غذائی اشیاء کی مارکیٹ کے درست کام کرنے کے لیے اقدامات اختیار کرنا، مارکیٹ کی معلومات تک بروقت رسائی کا انتظام کرنا، ان معلومات میں خوراک کے ذخائر کی معلومات بھی شامل ہیں تاکہ قیمتوں میں ہیجان نہ آئے۔		2C1: خوراک کی قیمتوں میں غیر معمولی تبدیلیوں کا اشاریہ			

3۔ اچھی صحت اور فلاح۔۔۔۔۔۔۔۔ہدف 3: ہر عمر کے افراد کے لیے صحت مند زندگی کو یقینی بنانا اور فلاح و بہبود کو بہتر بنانا

عالمی اہداف	قومی ترجیحی اہداف	عالمی اشارات	قومی ترجیحی اشارات	قومی بنیادی معلومات 15-2014ء	ہدف 2030ء
3.1 2030 تک زچگی کے دوران ماؤں کی اموات کو 70 فی ایک لاکھ سے کم کی عالمی شرح پر لانا۔	ہدف 3.1 2030 تک زچگی کے دوران ماؤں کی اموات کو 70 فی ایک لاکھ سے کم کی عالمی شرح پر لانا	3.1.1 ماؤں کی اموات کی شرح	3.1.1 ماؤں کی اموات کی شرح	276	179
		3.1.2 ایسی زچگیوں کی تعداد جو تربیت یافتہ صحت اہلکاروں کی نگرانی میں ہوئیں			
3.2 2030 تک نوزائیدہ اور 5 سال سے کم عمر بچے جنہیں مرنے سے بچایا جا سکتا ہو انہیں موت سے بچانا، تمام ممالک کا ہدف نوزائیدہ بچوں کی اموات کی شرح کو 12 فی 1000 تک اور 5 سال سے کم عمر بچوں کی اموات کو 25 فی 1000 تک لانا ہوگا۔	ہدف 3.2 2030 تک نوزائیدہ اور 5 سال سے کم عمر بچے جنہیں مرنے سے بچایا جا سکتا ہو انہیں موت سے بچانا، تمام ممالک کا ہدف نوزائیدہ بچوں کی اموات کی شرح کو 12 فی 1000 تک اور 5 سال سے کم عمر بچوں کی اموات کو 25 فی 1000 تک لانا ہوگا	3.2.1 پانچ سال سے کم عمر بچوں کی شرح اموات	3.2.1 پانچ سال سے کم عمر بچوں کی شرح اموات	89	40
		3.2.2 نوزائیدہ بچوں کی شرح اموات	3.2.2 نوزائیدہ بچوں کی شرح اموات	55	25
3.3 2030ء تک ایڈز، ٹی بی، ملیریا کا خاتمہ، نیز ہیپاٹائٹس، پانی سے پیدا ہونے والے امراض اور دیگر متعدی امراض کی روک تھام کرنا۔		3.3.1 ایڈز سے بچے ہوئے فی 1000 افراد میں سے شکار ہونے والے نئے افراد کی تعداد، صنف، عمر اور اہم آبادیوں کے اعتبار سے			
		3.3.2 فی 1 لاکھ آبادی میں ٹی بی کے کیسز			
		3.3.3 فی ایک ہزار آبادی میں ملیریا کے کیسز			
		3.3.4 فی ایک لاکھ آبادی میں ہیپاٹائٹس بی کے کیسز			
		3.3.5 نظر انداز ٹراپیکل بیماریوں کا شکار افراد جنہیں توجہ کی ضرورت ہے			

نوٹ: خالی جگہوں کیلئے قومی ترجیحات، قومی بنیادی معلومات اور قومی اہداف ابھی طے نہیں کی گئے ہیں۔

عالمی اہداف	قومی ترجیحی اہداف	عالمی اشارات	قومی ترجیحی اشارات	قومی بنیادی معلومات 15-2014ء	ہدف 2030ء
3.4 2030 تک غیر متعدی امراض سے ہونے والی قبل از وقت اموات کی شرح کو کم کرنا اور علاج معالجہ کے علاوہ ذہنی صحت اور فلاح کے فروغ کے ذریعے ایک تہائی سے کم کرنا۔		3.4.1 دل کی بیماریوں، کینسر، شوگر یا سانس کی موروثی بیماری کی وجہ سے اموات کی شرح			
		3.4.2 خودکشی کی وجہ سے اموات کی شرح			
3.5۔ مختلف مواد کے غلط استعمال بشمول منشیات کے غلط استعمال اور الکوحل کے غلط استعمال کی روک تھام اور علاج معالجہ کے نظام کو مستحکم کرنا۔		3.5.1 ایسی اشیاء کے استعمال کے باعث پیدا ہونے والی بیماریوں کے علاج کے لیے فراہم کردہ سہولیات (ادویات، نفسیاتی علاج، بحالی اور بعد میں نگہداشت)			
		3.5.2۔ الکوحل کا غلط استعمال، اسے قومی سیاق و سباق میں ایک سال کے دوران فی کس الکوحل کے استعمال کی جائز حد کے تناظر میں دیکھا جائے گا			
3.6 2020 تک سڑک کے ٹریفک حادثات سے دنیا بھر میں ہونے والی اموات کی تعداد کو نصف تک لانا۔	ہدف 3.6 2020 تک سڑک کے ٹریفک حادثات سے دنیا بھر میں ہونے والی اموات کی تعداد کو نصف تک لانا	3.6.1۔ ٹریفک حادثات میں زخمی ہونے کی وجہ سے اموات کی شرح	3.6.1۔ ٹریفک حادثات میں زخمی ہونے کی وجہ سے اموات کی شرح		
3.7 2030 تک جنسی و تولیدی حفظان صحت کی خدمات بشمول خاندانی منصوبہ بندی اور اس سے متعلق شعور و آگاہی تک سب لوگوں کی رسائی یقینی بنانا اور تولیدی صحت کو قومی حکمت عملی کے پروگراموں میں ضم کرنا۔	ہدف 3.7 2030 تک جنسی و تولیدی حفظان صحت کی خدمات بشمول خاندانی منصوبہ بندی اور اس سے متعلق شعور و آگاہی تک سب لوگوں کی رسائی یقینی بنانا اور تولیدی صحت کو قومی حکمت عملی کے پروگراموں میں ضم کرنا	3.7.1۔ زچگی کے قابل خواتین (عمر 15 سے 49 سال) جن کی خاندانی منصوبہ بندی کی ضروریات تسلی بخش طور پر پوری ہوتی ہیں۔	3.7.1۔ زچگی کے قابل خواتین (عمر 15 سے 49 سال) جن کی خاندانی منصوبہ بندی کی ضروریات تسلی بخش طور پر پوری ہوتی ہیں۔	47فیصد	70.50فیصد
		3.7.2۔ نوعمری میں ماں بننا (عمر 10 سے 14 سال، عمر 15 سے 19 سال) اس عمر گروپ کی ہر 1000 خواتین میں سے	3.7.2۔ نوعمری میں ماں بننا (عمر 10 سے 14 سال، عمر 15 سے 19 سال) اس عمر گروپ کی ہر 1000 خواتین میں سے	44فیصد	موجودہ تعداد سے آدھی

نوٹ: خالی جگہوں کیلئے قومی ترجیحات، قومی بنیادی معلومات اور قومی اہداف ابھی طے نہیں کی گئے ہیں۔

عالمی اہداف	قومی ترجیحی اہداف	عالمی اشارات	قومی ترجیحی اشارات	قومی بنیادی معلومات 15-2014ء	ہدف 2030ء
3.8۔سب کے لیے حفظانِ صحت بشمول مالی خطرات سے تحفظ، حفظانِ صحت کی معیاری خدمات تک رسائی اور سب کے لیے محفوظ، موثر، معیاری اور باکفایت ضروری ویکسین تک رسائی ممکن بنانا۔	ہدف 3.8 سب کے لیے حفظانِ صحت بشمول مالی خطرات سے تحفظ، حفظانِ صحت کی معیاری خدمات تک رسائی اور سب کے لیے محفوظ، موثر، معیاری اور باکفایت ضروری ویکسین تک رسائی ممکن بنانا	3.8.1۔ضروری طبی سہولیات کی فراہمی (اس کی تعریف زچگی، والدہ، نوزائیدہ بچہ، بچے کی صحت، انفیکشن کی وجہ سے پھیلنے والی بیماریاں، غیر متعدی بیماریاں، سہولیات کی فراہمی اور رسائی بالخصوص محروم آبادی کو رسائی کی اوسط کی بنیاد پر کی جائے گی)	3.8.1۔ضروری طبی سہولیات کی فراہمی (اس کی تعریف زچگی، والدہ، نوزائیدہ بچہ، بچے کی صحت، انفیکشن کی وجہ سے پھیلنے والی بیماریاں، غیر متعدی بیماریاں، سہولیات کی فراہمی اور رسائی بالخصوص محروم آبادی کو رسائی کی اوسط کی بنیاد پر کی جائے گی)		
		3.8.2۔ایسی آبادی کا تناسب جس کی آمدن کا ایک بڑا حصہ صحت پر خرچ ہوتا ہے۔	3.8.2۔فی ہزار میں سے ایسے افراد جن کے پاس ہیلتھ انشورنس ہے یا وہ سرکاری صحت کے نظام کا حصہ ہیں		
3.9۔ 2030 تک خطرناک کیمیائی مواد اور ہوا، پانی و مٹی کی آلودگی سے ہونے والی اموات اور بیماریوں کی تعداد میں خاطر خواہ کمی لانا۔		3.9.1۔فضائی آلودگی کی وجہ سے اموات کی شرح			
		3.9.2۔غیر محفوظ پانی، غیر محفوظ نفاظت اور حفظانِ صحت کی کمی کے باعث ہونے والی اموات کی شرح			
		3.9.3۔غیر ارادی طور پر زہر خوری سے اموات کی شرح			
3A۔تمام ملکوں میں جیسا کہ موزوں ہو، تمباکو پر قابو پانے کے لیے عالمی ادارہ صحت کے فریم ورک کنونشن پر عملدرآمد کو مستحکم بنانا۔		3A1-15 سال اور اس سے زائد عمر والے افراد میں تمباکو بالحاظ عمر استعمال کرنے کی شرح			

نوٹ: خالی جگہوں کیلئے قومی ترجیحات، قومی بنیادی معلومات اور قومی اہداف ابھی طے نہیں کی گئے ہیں۔

عالمی اہداف	قومی ترجیحی اہداف	عالمی اشارات	قومی ترجیحی اشارات	قومی بنیادی معلومات 2014-15ء	ہدف 2030ء
3B۔ بنیادی طور پر ترقی پذیر ملکوں کو متاثر کرنے والے متعدی اور غیر متعدی امراض کی ویکسین اور ادویات پر تحقیق اور ان کی تیاری میں معاونت فراہم کرنا، ٹرپس معاہدہ پر دوحہ اعلامیہ کے مطابق باکفایت ضروری ادویات اور ویکسین تک رسائی فراہم کرنے میں ترقی پذیر ملکوں کے اس حق کو تسلیم کیا گیا ہے کہ وہ صحت عامہ کے تحفظ اور بالخصوص ادویات تک رسائی فراہم کرنے کے لیے دانشورانہ ملکیتی حقوق کی تجارت سے متعلق معاہدہ کی لچکدار دفعات سے بھرپور انداز میں استفادہ کر سکتے ہیں۔		3B1۔ ہدفی آبادی کا حصہ جو اپنے قومی پروگرام کے تحت ویکسین لیتی ہے			
		3B2۔ طبی تحقیق اور بنیادی صحت کے شعبے کو مجموعی خالص سرکاری ترقیاتی امداد			
		3B3۔ طبی سہولیات کا تناسب جہاں تمام ضروری ادویات موجود ہیں، اور پائیدار طور پر قابل برداشت حد میں دستیاب ہیں			
3C۔ ترقی پذیر ملکوں، بالخصوص کم ترقی یافتہ ملکوں اور چھوٹی جزیرہ ترقی پذیر معیشتوں میں شعبہ صحت پر سرمایہ کاری اور شعبہ صحت کی افرادی قوت کی بھرتی، ترقی، تربیت اور برقراریت میں خاطرخواہ اضافہ کرنا		3C1۔ صحت کے ورکرز کی تعداد اور تقسیم			

نوٹ: خالی جگہوں کیلئے قومی ترجیحات، قومی بنیادی معلومات اور قومی اہداف ابھی طے نہیں کی گئے ہیں۔

3۔ اچھی صحت اور فلاح ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہدف 3: ہر عمر کے افراد کے لیے صحت مند زندگی کو یقینی بنانا اور فلاح و بہبود کو بہتر بنانا

عالمی اہداف	قومی ترجیحی اہداف	عالمی اشارات	قومی ترجیحی اشارات	قومی بنیادی معلومات 15-2014ء	ہدف 2030ء
3D۔ قومی اور عالمی صحت کے خطرات پر بروقت انتباہ، خطرات میں کمی اور ان سے لڑنے کے لیے تمام ممالک بالخصوص ترقی پذیر ممالک کی استعداد مستحکم بنانا		3D1۔ صحت کے بین الاقوامی قواعد کی استعداد اور ہیلتھ ایمرجنسی کی تیاری			

4۔ معیاری تعلیم ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہدف 4: سب کی شمولیت اور برابری پر مبنی معیاری تعلیم کو یقینی بنانا اور سب کے لیے زندگی بھر سیکھنے کے مواقع کو فروغ دینا

عالمی اہداف	قومی ترجیحی اہداف	عالمی اشارات	قومی ترجیحی اشارات	قومی بنیادی معلومات 15-2014ء	ہدف 2030ء
4.1 ۔ 2030 تک یقینی بنانا کہ تمام لڑکیاں اور لڑکے مفت، مساوی اور معیاری سیکنڈری تعلیم حاصل کریں جس کی بدولت متعلقہ اور موثر تدریسی نتائج حاصل کیے جاسکیں	ہدف 4.1 2030ء تک یقینی بنانا کہ تمام لڑکیاں اور لڑکے مفت، مساوی اور معیاری سیکنڈری تعلیم حاصل کریں جس کی بدولت متعلقہ اور موثر تدریسی نتائج حاصل کیے جاسکیں	4.1.1۔ ایسے بچوں اور نوجوانوں کا تناسب جو (اے) دوسری یا تیسری کلاس میں ہیں، (بی) پرائمری مکمل کر چکے ہیں، (سی) ثانوی زیریں درجے کے آخر پر ہیں اور پڑھائی اور ریاضی کا پروفیشنسی لیول پورا کر چکے ہیں، صنف کے اعتبار سے	4.1.1۔ ایسے بچوں اور نوجوانوں کا تناسب جو (اے) دوسری یا تیسری کلاس میں ہیں، (بی) پرائمری مکمل کر چکے ہیں، (سی) ثانوی زیریں درجے کے آخر پر ہیں اور پڑھائی اور ریاضی کا پروفیشنسی لیول پورا کر چکے ہیں، صنف کے اعتبار سے	کل 57فیصد لڑکیاں 53فیصد لڑکے 60فیصد	کل 100فیصد لڑکیاں 100فیصد لڑکے 100فیصد
4.2۔ 2030 تک اس بات کو یقینی بنانا کہ تمام لڑکوں اور لڑکیوں کو اوائل بچپن کی معیاری نشوونما، نگہداشت اور قبل از پرائمری تعلیم تک رسائی حاصل ہو تاکہ وہ پرائمری تعلیم کے لیے تیار ہو سکیں۔		4.2.1۔ پانچ سال سے کم عمر بچوں کا تناسب جو صحت، تعلیم اور نفسیاتی بہتری کے لحاظ سے ترقی کر رہے ہیں، صنف کے اعتبار سے			
		4.22۔ رسمی تعلیم میں شرکت کی شرح، صنف کے اعتبار سے (پرائمری میں داخلے کی باقاعدہ عمر سے ایک سال پہلے)			
4.3۔ 2030 تک تمام مردوں اور عورتوں کی باکفایت اور معیاری تکنیکی، پیشہ ورانہ تعلیم بشمول یونیورسٹی تک مساوی رسائی یقینی بنانا۔		4.3.1۔ پچھلے 12 ماہ کے دوران رسمی و غیر رسمی تعلیم و تربیت میں شرکت کرنے والے بالغ افراد اور نوجوانوں کی شرح، صنف کے اعتبار سے			

نوٹ: خالی جگہوں کیلئے قومی ترجیحات، قومی بنیادی معلومات اور قومی اہداف ابھی طے نہیں کی گئے ہیں۔

4۔ معیاری تعلیم ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہدف 4: سب کی شمولیت اور برابری پر مبنی معیاری تعلیم کو یقینی بنانا اور سب کے لیے زندگی بھر سیکھنے کے مواقع کو فروغ دینا

عالمی اہداف	قومی ترجیحی اہداف	عالمی اشارات	قومی ترجیحی اشارات	قومی بنیادی معلومات 15-2014ء	ہدف 2030ء
4.4 2030 تک ایسے نوجوانوں اور بالغ افراد کی تعداد میں خاطر خواہ اضافہ کرنا جو شائستہ ملازمتوں اور ذاتی کاروبار کے لیے متعلقہ مہارتوں بشمول تکنیکی اور پیشہ ورانہ مہارتوں سے لیس ہوں۔		4.4.1۔ بالغ اور نوجوانوں کی تعداد جو آئی ٹی اور کمیونی کیشن کی مہارتوں کے حامل ہیں، مہارتوں کی اقسام کے اعتبار سے			
4.5 2030 تک تعلیم میں صنفی عدم مساوات کا خاتمہ کرنا اور اس بات کو یقینی بنانا کہ معذوروں، مقامی افراد اور ناسازگار حالات میں رہنے والے بچوں سمیت ہر ایک کو تعلیم اور پیشہ ورانہ تربیت کے ہر درجے تک برابر رسائی حاصل ہو۔	ہدف 4.5 2030ء تک تعلیم میں صنفی عدم مساوات کا خاتمہ کرنا اور اس بات کو یقینی بنانا کہ معذوروں، مقامی افراد اور ناسازگار حالات میں رہنے والے بچوں سمیت ہر ایک کو تعلیم اور پیشہ ورانہ تربیت کے ہر درجے تک برابر رسائی حاصل ہو	4.5.1۔ ایسے تمام اشارات جنہیں الگ الگ حیثیت میں دیکھا جا سکے کے حوالے سے مساویانہ سلوک کے اشارات (خواتین/مرد، دیہی/شہری، انتہائی غریب/انتہائی امیر افراد، اور اسی طرح سے معذور افراد، مقامی افراد اور تنازعات کا شکار علاقوں کے لوگ اگر وہاں اعداد و شمار دستیاب ہوں تو)	4.5.1۔ ایسے تمام اشارات جنہیں الگ الگ حیثیت میں دیکھا جا سکے کے حوالے سے مساویانہ سلوک کے اشارات (خواتین/مرد، دیہی/شہری، انتہائی غریب/انتہائی امیر افراد، اور اسی طرح سے معذور افراد، مقامی افراد اور تنازعات کا شکار علاقوں کے لوگ اگر وہاں اعداد و شمار دستیاب ہوں تو)	جی پی آئی پرائمری، 0.87	جی پی آئی پرائمری 1
4.6 2030 تک اس بات کو یقینی بنانا کہ تمام نوجوان اور بالغ افراد کا ایک بڑا حصہ بنیادی تعلیم اور حساب کتاب کی آگاہی رکھتے ہوں۔	ہدف 4.6 2030ء تک اس بات کو یقینی بنانا کہ تمام نوجوان اور بالغ افراد کا ایک بڑا حصہ بنیادی تعلیم اور حساب کتاب کی آگاہی رکھتے ہوں	4.6.1۔ عمر کے ایک گروپ میں آبادی کا تناسب جو کہ فعال (اے) خواندگی اور (بی) حساب کتاب کی مہارتوں کی حامل ہے، صنف کے لحاظ سے	4.6.1۔ عمر کے ایک گروپ میں آبادی کا تناسب جو کہ فعال (اے) خواندگی اور (بی) حساب کتاب کی مہارتوں کی حامل ہے، صنف کے لحاظ سے	کل 60فیصد خواتین 49فیصد مرد 70فیصد	کل 80فیصد خواتین 69فیصد مرد 90فیصد
4.7 2030 تک اس بات کو یقینی بنانا کہ تعلیم حاصل کرنے والے تمام افراد پائیدار ترقی میں اضافے کے لیے درکار علم اور مہارتوں کے حامل ہیں، بشمول پائیدار طرز زندگی، انسانی حقوق، صنفی مساوات، امن اور عدم تشدد کے کلچر کا فروغ، عالمی شہریت، ثقافتی تنوع کی پذیرائی اور پائیدار ترقی میں اس کا کردار۔		4.7.1۔ کس حد تک (1 عالمی شہریت کی تعلیم، اور (2 پائیدار ترقی کے لیے درکار تعلیم بشمول صنفی مساوات اور انسانی حقوق کی تعلیم قومی تعلیمی پالیسیوں، نصاب، اساتذہ کی تعلیم اور طلبہ کے جائزے کا حصہ بنتی ہے			

نوٹ: خالی جگہوں کیلئے قومی ترجیحات، قومی بنیادی معلومات اور قومی اہداف ابھی طے نہیں کی گئے ہیں۔

4۔معیاری تعلیم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہدف 4: سب کی شمولیت اور برابری پر مبنی معیاری تعلیم کو یقینی بنانا اور سب کے لیے زندگی بھر سیکھنے کے مواقع کو فروغ دینا

عالمی اہداف	قومی ترجیحی اہداف	عالمی اشارات	قومی ترجیحی اشارات	قومی بنیادی معلومات 15-2014ء	ہدف 2030ء
4A۔ایسے تعلیمی ادارے قائم کرنا اور انہیں اپ گریڈ کرنا جہاں بچوں، معذور افراد اور صنفی امور کا بہتر طور پر خیال رکھا جاسکے، یہ ادارے محفوظ، عدم تشدد کے حامل اور تعلیم کا اچھا ماحول فراہم کریں۔	ہدف 4A۔ایسے تعلیمی ادارے قائم کرنا اور انہیں اپ گریڈ کرنا جہاں بچوں، معذور افراد اور صنفی امور کا بہتر طور پر خیال رکھا جاسکے، یہ ادارے محفوظ، عدم تشدد کے حامل اور تعلیم کا اچھا ماحول فراہم کریں	4A1۔ایسے سکولوں کا تناسب جہاں (اے) بجلی، (بی) تعلیمی مقاصد کے لیے انٹرنیٹ، (سی) تعلیمی مقاصد کے لیے کمپیوٹر، (ڈی) معذور افراد کی ضرورت کے مطابق انفراسٹرکچر اور سامان، (ای) پانی کا صاف پانی، (ایف) مرد وخواتین کے لیے الگ الگ لیٹرین، (جی) ہاتھ دھونے کی سہولت، موجود ہیں	4A1۔ایسے سکولوں کا تناسب جہاں (اے) بجلی، (بی) تعلیمی مقاصد کے لیے انٹرنیٹ، (سی) تعلیمی مقاصد کے لیے کمپیوٹر، (ڈی) معذور افراد کی ضرورت کے مطابق انفراسٹرکچر اور سامان، (ای) پانی کا صاف پانی، (ایف) مرد وخواتین کے لیے الگ الگ لیٹرین، (جی) ہاتھ دھونے کی سہولت، موجود ہیں	پرائمری سکول انفراسٹرکچر: بجلی 53 فیصد، پینے کا پانی 67 فیصد، سینی ٹیشن 67 فیصد	پرائمری سکول انفراسٹرکچر: بجلی 53 فیصد، پینے کا پانی 67 فیصد، سینی ٹیشن 67 فیصد
4B۔2030ء تک ترقی پذیر ممالک، بالخصوص کم ترقی یافتہ ممالک، چھوٹے جزائر پر مشتمل ترقی پذیر ممالک اور افریقی ممالک کے طلبہ کے لیے وظائف کی تعداد میں اضافہ کرنا، تاکہ وہ ترقی یافتہ ممالک اور دیگر ترقی پذیر ممالک میں پیشہ ورانہ، انفارمیشن اینڈ کمیونی کیشن ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اور سائنسی علوم کی اعلیٰ تعلیم حاصل کرسکیں		4B1۔وظائف کے لیے مہیا کی جانے والی سرکاری امداد کا حجم، شعبے اور تعلیم کی قسم کے لحاظ سے			
4C۔2030ء تک ترقی پذیر ممالک بالخصوص کم ترقی یافتہ ممالک میں عالمی تعاون کے ذریعے کوالیفائیڈ اساتذہ کی تعداد میں خاطر خواہ اضافہ کرنا۔	ہدف 4C۔2030ء تک ترقی پذیر ممالک بالخصوص کم ترقی یافتہ ممالک میں عالمی تعاون کے ذریعے کوالیفائیڈ اساتذہ کی تعداد میں خاطر خواہ اضافہ کرنا	4C1۔ اساتذہ کا تناسب جنہوں نے، (اے) قبل از پرائمری (بی) پرائمری، (سی) زیریں ثانوی، اور (ڈی) بالائی ثانوی درجوں کو پڑھانے کے لیے درکار کم از کم تربیت نوکری سے قبل یا نوکری کے دوران حاصل کر رکھی ہے	4C1۔ اساتذہ کا تناسب جنہوں نے، (اے) قبل از پرائمری (بی) پرائمری، (سی) زیریں ثانوی، اور (ڈی) بالائی ثانوی درجوں کو پڑھانے کے لیے درکار کم از کم تربیت نوکری سے قبل یا نوکری کے دوران حاصل کر رکھی ہے		

